21 جولائی تا 3 اگست 2023 | شمارہ نمبر 31-30 | جلد نمبر 35
1989ء سے مسلسل اشاعت
MC - 547 Price Rs. 100/-

# ہفت روزہ پیپر بزنس کراچی

بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز و ایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ
کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

FAIR TRADE (Pvt) Limted
A Trusted & Reliable Name for Geniune Trading of Paper & Board
Serving Since 1975

| Distributors | Importers |
|---|---|
| Flying Paper<br>Bulleh Shah ( Packages )<br>Crown ( Fazal Paper )<br>Chenab ( A.K Ind. ) | Offset Paper<br>Bleached Board<br>Art Card |

4, Muhammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi.
Ph: 021-32625600 - 32625633 , Fax: (92-21) 32621614
Whatsapp: 0334-0209809, Email: fairtrade1961@gmail.com

IBM™
ISO 900: 2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TIJWI KIMIA TBK
ART PAPER NEVIA
NINGBO FOLD Little Star Bleach Board
pindo deli paper products
Indah Kiat Pulp and Paper Products
SINAR
VERITAC SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Winner of Brands Icon of Pakistan 2010
Brands of the year Award 2010
Brands of the year Award 2011-2012

111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital Karachi.. 74200
PAKISTAN. Ph: +92-2132627061 Fax # 92-21-3262978 6 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp
بزنس مین پینل





کراچی و لاہور میں خدمت کے 13 سال

BMG
بزنس مین گروپ

محمد سلیم بیکیا
چیئرمین

جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد

کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا

خامس سعید بٹ
گروپ لیڈر






Printed on Golden Coin Pindo Art Card. 190 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725





# CARBONLESS PAPER

## NCR, CFB ,CB ,CF ,SC

Impressions Pindo 2000 is a premium quality carbonless paper that gives excellent printing and the best intensity performence. Its quality, appearance and the performence are guaranteed to satisfy even the most demanding end user.

**For booking please contact**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

## INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital,
Karachi UAN:111-IBK-PAK
Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website:www.ibmpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010
Brands of the year Award ITS ALL ABOUT CHAMPION
Brands of the year Award 2011-2012




Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

pindo deli paper producs

IBM™ PAKISTAN




## SELF ADHESIVE STICKER PAPER
## INDONESIA

**Today, Labelstock Products have been used in various industrial sectors, and thus, we're continuously developing new products to meet the market demand for ace labeling, retail outlet labeling, barcode label, and other general and use.**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

IBM™ ISO 9001: 2015 CERTIFIED

**INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT**

First ISO 9001-2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN:111-IBK-PAK
Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website:www.ibmpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

اشاعت: بروز جمعۃ المبارک | قیمت 100 روپے

# پیپر بزنس

**پبلشرز: حرا رؤف**

نے پرنٹر عبدالغیور، ٹارگٹ پرنٹرز، 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے چھپوا کر شائع کیا

شمارے کے صفحات: 22 رنگین، 18 عمومی

**بانی: محمد رؤف**

ایڈیٹوریل بورڈ:

پبلشر وایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف

اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی

پیج میکنگ وڈیزائننگ: عمران صدیقی

سوشل میڈیا مارکیٹنگ: سمیر انصاری

معاون: عدنان انصاری

**رابطہ آفس**

A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر،

بلاک M، نارتھ ناظم آباد،

بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی

weeklypaperbusiness@gmail.com

فون: 0300-2933229

ویب سائٹ: weeklypaperbusiness.com

**چارجز: (سالانہ)**

بمعہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے

بمعہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے

کراچی پیپر مارکیٹ 1500 روپے

بمعہ ڈیجیٹل ایڈیشن 1000 روپے

آن لائن ادائیگی: Summit بینک پیپر مارکیٹ کراچی

IBAN No: PK72SUMB025602714112960


# خامس سعید بٹ کی لاہور چیمبر کے وفد کے ہمراہ وزیراعظم پاکستان سے ملاقات

## پیپر ملوں کی ٹیکسز چوری کی تفصیلات سے آگاہ کیا، بیشتر مقامی ملز سیلز ٹیکس میں رجسٹرڈ نہیں ہیں، خامس سعید بٹ

لاہور (پیپر بزنس نیوز) وزیراعظم پاکستان میاں شہباز شریف نے گذشتہ دنوں گورنر ہاؤس لاہور میں لاہور چیمبر کے عہدیداران، سابق صدور اور ممبران مجلس عاملہ سے ملاقات کی۔ اس موقع پر لاہور چیمبر کی مینیجنگ کمیٹی کے رکن اور لیڈر بزنس مین گروپ لاہور پیپر مارکیٹ، خامس سعید بٹ نے مقامی پیپر ملوں کی لوٹ مار اور پیپر بورڈ مافیا کی کارستانیوں پر روشنی ڈالتے ہوئے میاں شہباز شریف وزیراعظم پاکستان کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں مافیاز ہی حکومتوں کی ناکامی کا باعث ہیں جو انہیں کام نہیں کرنے دیتی۔ نہ تو گذشتہ حکومتیں چل سکیں اور نہ ہی آپ چل سکیں گے، انہیں ختم کرنے سے ہی ملک ترقی کی راہ پر گامزن ہوگا، اب ان میں پیپر مافیا کو بھی شامل کرلیں۔ آپ کے سامنے بیٹھی تمام بیوروکریسی ان سے ملی ہوئی ہے۔ فیڈرل بورڈ آف ریونیو کے چیئرمین بھی موجود ہیں مقامی پیپر مل مالکان چند ملوں کے علاوہ سیلز ٹیکس میں رجسٹرڈ نہیں ہے، سارا سال درآمدی پیپر بورڈ کے خلاف ٹیکسز اور ڈیوٹیز کے لئے کام کرتے ہیں اور اس وقت درآمدی پیپر بورڈ پر 65 فیصد سے زائد ٹیکسز لگوانے میں کامیاب ہیں۔ اس کے باوجود درآمدات بھی جاری ہے کیونکہ مقامی کوالٹی اُن کا مارکیٹ میں مقابلہ نہیں کرسکتی اور نہ ہی اُن کا مقامی مال بین الاقوامی مارکیٹ میں پذیرائی حاصل کرسکتا ہے جسکی وجہ ناقص کوالٹی اور وزن میں کمی ہے۔ اس پر طرّہ یہ کہ یہ ناقص مال عوام کو بیرونی مال کی قیمت پر بھی فروخت کیا جارہا ہے۔ مقامی ملیں بڑے پیمانے پر انڈر انوائسنگ، غیر معیاری کوالٹی اور ایک ایک واؤچر پر دس دس گاڑیاں نکال رہی ہیں۔ یعنی پراڈکشن کی مد میں بھیگھپلے کرکے ملکی خزانے کو روزانہ کروڑوں کا نقصان پہنچا رہے ہیں جبکہ بجلی اور گیس کی چوری اس کے علاوہ ہے۔ آپ کے دور میں مستحق طالب علموں کو مفت کتابیں اور کاپیاں تقسیم کی جاتی تھی لیکن مقامی مل مالکان ٹیکس پک بورڈ کی سپلائی کو بھی جواز بنا کر کارٹل کے ذریعے من مرضی کی قیمتیں مقرر کرتے ہیں جو بالآخر خزانے پر بوجھ ہے۔ جب تک کوئی چیک اینڈ بیلنس نہیں ہوگا اس وقت تک عوام ان مافیاز کے شکنجے میں رہیں گے۔ یہ کھیل عرصہ دراز سے جاری ہے اور عوام تماشا دیکھ رہے ہیں۔





لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کا وفد وزیراعظم پاکستان شہباز شریف سے ملاقات کررہا ہے، گورنر پنجاب بلیغ الرحمان بھی موجود ہیں، نمایاں شخصیات میں صدر لاہور چیمبر کاشف انور، سابق صدر ایف پی سی سی آئی انجم نثار، لیڈر بزنس مین گروپ پیپر مارکیٹ خامس سعید بٹ سمیت بڑی تعداد میں تاجر رہنما شامل ہیں




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# قانون نافذ کرنے والے اداروں کو انسداد اسمگلنگ کے اختیارات دیدیئے گئے

اسلام آباد(بزنس ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے پاکستان میں مختلف قانون نافذ کرنے والے اداروں کو انسداد سمگلنگ آپریشنز کرنے کا اختیار دے دیئے ہیں۔نئی ہدایت کے تحت، ایف بی آر نے پاکستان رینجرز، پاکستان میری ٹائم سیکیورٹی ایجنسی (پی ایم ایس اے) اور پاکستان کوسٹ گارڈز (پی سی جی) کو اسمگلنگ کا فعال طور پر مقابلہ کرنے کا اختیار دیا ہے۔ تاہم، یہ قانون نافذ کرنے والے ادارے پاکستان کسٹمز کے حکام کے ساتھ مل کر ملک کے اندرا سمگلنگ کی سرگرمیوں کو موثر طریقے سے ختم کرنے کے لیے کام کریں گے۔اس فیصلے کے ہموار عمل درآمد کو یقینی بنانے کے لیے، ایف بی آر نے اختیارات کے وفد سے منسلک رہنما خطوط اور حدود کا خاکہ پیش کرتے ہوئے متعدد نوٹیفکیشن جاری کیے ہیں۔رینجرز کو، خاص طور پر، مخصوص حدود عطا کی گئی ہیں، جن میں ان کی کارروائیاں، بشمول سٹی میونسپل حدود، کسٹم ایریاز، کسٹم اسٹیشنز، بندرگاہوں، سرحدی کسٹم اسٹیشنوں، بین الاقوامی ہوائی اڈوں، اور بانڈڈ گوداموں کو چھوڑ کر، ضروری اشیاء کے علاوہ دیگر اشیا کے لیے بین الاقوامی سرحدوں کے پچاس کلومیٹر کے اندر تک محدود رہیں گی۔کسٹمز ایکٹ 1969 کے سیکشن 2 کی شق (s) کے ذیلی شق (iv) کے تحت متعین ضروری اشیاء کی اسمگلنگ کو روکنے کی صورت میں، ان کی کارروائیاں بلوچستان سے ملحقہ سرحدی اضلاع تک پھیل جائیں گی۔افغانستان، بشمول شہری میونسپل حدود اور صوبہ بلوچستان میں بعض شاہراہیں۔قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکاروں کو کسی بھی کسٹم ایریا سے کلیئر ہونے والے جائز مسافروں کے سامان اور سامان کا معائنہ کرنے سے منع کیا گیا ہے۔

یہ ضروری ہے کہ قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکار اپنے فرائض کی انجام دہی کے دوران قانونی تجارت، درآمدات، برآمدات اور عوامی نقل و حرکت کے بہاؤ میں رکاوٹ پیدا کرنے سے بچنے کے لیے احتیاط برتیں اور ایل ای اے کے اہلکاروں کو کسٹم ایکٹ 1969 کے سیکشن 7 میں بیان کردہ کے مطابق کسٹم افسران کو ان کے کام انجام دینے میں مدد فراہم کرنے کی ضرورت ہے۔ مزید برآں، پاکستان رینجرز کے اہلکاروں کو مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ ضبط شدہ سامان کسٹمز کلکٹر کی جانب سے منظور شدہ حکومتی گوداموں میں جمع کرائیں۔ ایف بی آر نے اس بات پر زور دیا ہے کہ پی ایم ایس اے حکام کو جائز تجارت، درآمدات، برآمدات اور عام لوگوں کی نقل و حرکت میں کسی قسم کی رکاوٹ کو روکنے کے لیے احتیاط برتنی چاہیے۔انہیں کسٹم ایکٹ 1969 کے سیکشن 7 کے مطابق کسٹم افسران کو مدد فراہم کرنے کی بھی ضرورت ہے۔اسی طرح، کسی بھی ضبط شدہ سامان کو منظور شدہ ریاستی گودام میں جمع کیا جانا چاہیے۔ایف بی آر نے پاکستان کوسٹ گارڈز کے اہلکاروں کے لیے ان کے انسداد سمگلنگ کے کاموں میں کچھ حدود بھی قائم کی ہیں، جن میں ساحلی پٹی کے ساتھ پچاس کلومیٹر کی حدود میں کام کرنا، سٹی میونسپل حدود، کسٹم ایریاز، کسٹم اسٹیشنز، پورٹس، بارڈر کسٹم اسٹیشنز، بین الاقوامی ہوائی اڈوں اور بانڈڈ گوداموں کو ان کے کاموں سے خارج کرنا، کسی بھی کسٹم ایریا سے کلیئر ہونے والے مسافروں کے سامان اور سامان کا معائنہ کرنے پر پابندی، اپنے فرائض کی انجام دہی کے دوران قانونی تجارت، درآمدات، برآمدات اور عوامی نقل و حرکت میں رکاوٹ پیدا کرنے کے خلاف احتیاط کرنا شامل ہیں، جبکہ کسٹمز ایکٹ، 1969 کے سیکشن 7 کے مطابق کسٹم افسران کو مدد فراہم کرنا، اسمگلنگ کے شبہ میں ضبط شدہ سامان کو ایک منظور شدہ سرکاری گودام میں جمع کیا جانا چاہیے، ان ہدایات کو جاری کرنے کا ایف بی آر کا مقصد اسمگلنگ کی سرگرمیوں کا موثر طریقے سے مقابلہ کرنے کے لیے ایل ای اے اور پاکستان کسٹمز کی اجتماعی کوششوں کو بڑھانا ہے۔ایف بی آر نے پی ایم ایس اے کے ہر فارمیشن یا ونگ کے آفیسر کمانڈنگ سے بھی درخواست کی ہے کہ وہ ہر ماہ کی 5 تاریخ تک کلکٹر آف کسٹمز (انفورسمنٹ) کو ان کے متعلقہ دائرہ اختیار میں ماہانہ ضبط شدہ سامان کی تفصیلات فراہم کریں۔


## ڈی جی ٹی او کا تمام چیمبرز کو انتخابات کرانے کے حکم کا نوٹیفکیشن معطل

لاہور(نیوز ڈیسک) عدالتی فیصلے کے بعد پاکستان کے تمام چیمبرز کو جاری انتخابات کا نوٹیفکیشن معطل کر دیا گیا۔اسلام آباد ہائی کورٹ نے ایک حکم نامے کے ذریعے ڈائریکٹر جنرل ٹریڈ آرگنائزیشنز و دیگر کا 07-07-2023 فیصلہ معطل کر دیا ہے جس کے ذریعے ملک بھر کے چیمبرز اور تجارتی تنظیموں کو 15 جولائی تک سال 2023-24ء کیلئے الیکشن شیڈول جمع کروانے کی ہدایت کی گئی تھی۔رحیم یار خان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری اور گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری نے اپنے وکیل شیخ خرم عباس ایڈووکیٹ کی وساطت سے اسلام آباد ہائی کورٹ میں پٹیشن دائر کی کہ پٹیشنر اکتوبر 2022 میں منتخب ہوئے تھے اور ٹریڈ آرگنائزیشنز ترمیمی ایکٹ 2022 کے تحت عہدیداروں کی مدت کو ایک سال سے بڑھا کر 2 سال کر دیا گیا تھا جس کا مطلب ہے کہ درخواست گزار اکتوبر 2024 تک اپنا عہدہ رکھنے کے حقدار تھے۔

### نائن ڈریگون مل نے اے ٹی سی پاکستان کو اپنا ایجنٹ مقرر کر دیا

کراچی (پیپر بزنس نیوز) پیپر و پیپر بورڈ کی ممتاز چینی کمپنی ''نائن ڈریگون مل'' نے اے ٹی سی پاکستان پرائیویٹ لمیٹڈ کو پاکستانی مارکیٹ کے لئے واحد نمائندہ ایجنٹ مقرر کر دیا ہے۔ اے ٹی سی پاکستان نے دلچسپی رکھنے والے پیپر مرچنٹس سے کہا ہے کہ مل کی اشیاء کی خریداری کے لئے ان سے رابطہ قائم کریں۔

### الفلاح پیپر لاہور کے عتیق بٹ انتقال کر گئے



لاہور (پیپر بزنس نیوز) عتیق بٹ میسرز الفلاح پیپر، ایوان علم پلازہ، لاہور گذشتہ دنوں انتقال کر گئے۔ دریں اثناء لائنز گروپ اردو بازار لاہور کے صدر ابوذر غفاری گوہر، ڈائریکٹر ایگزیکٹو کونسل شاہد محمود ڈوگر اور سیکریٹری نشر و اشاعت محمد جمال الدین افغانی نے طیب خورشید سے مرحوم کے انتقال پر دلی تعزیت کا اظہار کیا ہے۔

**محرم الحرام کی تعطیلات کے باعث ہر سال کی طرح امسال بھی ہفت روزہ پیپر بزنس کا شمارہ ایک ہفتہ کے وقفہ کے بعد انشاء اللہ 4 اگست 2023ء کو شائع ہوگا۔ مشتہرین اور قارئین کرام نوٹ فرمائیں۔ (ادارہ)**

## ایف ٹی او کی اپیما کے عہدیداروں کو ریجنل دفتر کے دورے کی دعوت

کراچی (پیپر بزنس نیوز) ڈائریکٹر وفاقی ٹیکس محتسب ریجنل دفتر کراچی عابد محمود نے آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے تمام عہدیداران و نمائندہ ممبران کو ریجنل آفس کراچی کا دورہ کرنے کی دعوت دی ہے۔ 20 جولائی 2023 کو صبح 11 بجے اپیما کا وفد ریجنل آفس کا دورہ کرے گا۔ جہاں انہیں وفاقی ٹیکس محتسب کی جانب سے ٹیکس دہندگان سے مسائل کے حل میں تعاون پر تفصیلی بریفنگ دی جائے گی۔ واضح رہے کہ ایف ٹی او گزشتہ 23 سالوں سے ٹیکس دہندگان کو سستا انصاف فراہم کرنے کے لئے کوشاں ہے۔ سینئر وائس چیئرمین اپیما محمد انیس اور چیئرمین بزنس مین پینل محمد سلیم بیکیا کے ہمراہ دیگر سینئر رہنما بھی ہوں گے۔


یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# تمام عالم اسلام کو نئے

# 1445 ہجری سال

## کی مبارکباد

ہم دعا گو ہیں کہ یہ نیا ہجری سال نئی صبح، نئی امیدوں کے اجالوں کے ساتھ آئے

اور تمام مسلمانوں کے لئے ترقی و خوشحالی کا باعث ہو

اللہ تعالیٰ اس سال کو ہمارے لئے امن و سلامتی، ایمان و اسلام میں استقامت اور

اپنی رضا کا سائباں بنا کر بھیجے اور ہمیں شیطان کے شر سے محفوظ فرمائے، آمین

منجانب:

محمد سلیم بیکیا (چیئرمین، بزنس مین پینل، آل پاکستان پیپر مرچنٹس) (سابق چیئرمین اپیما)

اور آئی بی ایم ٹیم


**INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT**

IBM ™

ISO 9001: 2015 CERTIFIED

First ISO 9001-2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan

First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN:111-IBK-PAK

Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786

Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website:www.ibmpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# SALMAN PAPER PRODUCTS ( PVT ) LTD

## Importer, Manufacturer and Wholeseler

## WE DEALS IN:

- Coated Packaging Board
- Art Card
- Duplex Board
- Colour Card
- Brief Card
- Uncoated Board
- Kraft Card
- Kraft Liner
- Office Stationery
- Corrugation Carton
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Photocopier Paper
- Kraft Paper
- Sticker Paper
- Corbonless Paper
- School Stationery
- Boxes
- Label Printing
- Exercise Copies & Registers

## Different Size of Packets and Reels

Room # 201,213 2nd Floor, IBM Center, Hassan Ali Effendi Road, Paper Market, Karachi.

Phone : 021-32216671, 32212081, 32601020

aslamjilani1@hotmail.com / salmanpaperproductspvtltd@gmail.com



Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

OOCL
Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

APL

Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.

# بین الاقوامی مارکیٹ: آفسیٹ پرنٹنگ پیپر، فوٹو کاپیئر، بریف کارڈ اور پنڈ و بورڈ میں کی قیمتوں میں کمی

## کوٹڈ آرٹ کارڈ، کاربن لیس، پیکیجنگ بورڈ ننگبو کی قیمتوں میں بھی کمی، بین الاقوامی سروے رپورٹ

کراچی (انٹرنیشنل پرائس سروے رپورٹ) پیپر و پیپر بورڈ کی بین الاقوامی قیمتوں کی عالمی مارکیٹ سے موصول ہونے والی رپورٹ کے مطابق انڈونیشیا اور چائنا کے پیپر و پیپر بورڈ کی سی اینڈ ایف قیمتوں میں کمی کا رجحان دیکھنے میں آیا۔ان قیمتوں میں ہونے والی تبدیلیوں کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے۔

انڈونیشیا/ چائنا: کاربن لیس پیپر امپریشن 2000، CFB۔1590 ڈالر سے کم ہوکر 1565 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگیا ہے۔امپریشن CB، 2000۔1500 ڈالر سے کم ہوکر 1455 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگیا ہے۔امپریشن CF، 2000۔ 1400 ڈالر سے کم ہوکر 1345 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگیا ہے۔کوٹڈ آرٹ کارڈ گولڈن کوئن کی شیٹس 800 ڈالر سے کم ہوکر 760 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگئی ہیں۔ جبکہ ریلز 770 ڈالر سے کم ہوکر 730 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگئی ہیں۔ پیکیجنگ بورڈ ننگبو گولڈ کی شیٹس 660 ڈالر سے کم ہوکر 630 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگئی ہیں جبکہ ریلز 640 ڈالر سے کم ہوکر 610 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگئی ہیں۔ننگبو اسٹار کی شیٹس 800 ڈالر سے کم ہوکر 740 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگئی ہیں جبکہ ریلز 770 ڈالر سے کم ہوکر 710 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگئی ہیں۔

انڈونیشیا: آفسیٹ پرنٹنگ پیپر آئی کے شیٹس 70 گرام، 900 ڈالر سے کم ہوکر 830 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگئی ہیں۔جبکہ آئی کے ریلز 870 ڈالر سے کم ہوکر 800 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگئی ہیں۔آفسیٹ پرنٹنگ پیپر آئی کے شیٹس 60 گرام 900، ڈالر سے کم ہوکر 830 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگئی ہیں۔جبکہ آئی کے ریلز 870 ڈالر سے کم ہوکر 800 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگئی ہیں۔فوٹو کا پیئر باکسز بی ایل سی اینڈ پی پی سی براؤن، 70 گرام، 920 ڈالر سے کم ہوکر 850 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگیا ہے۔بی ایل سی اور پی پی سی براؤن، 80 گرام، 920 ڈالر سے کم ہوکر 850 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگیا ہے۔پنڈ و پیکیجنگ بورڈ، گولڈن کوئنز برانڈ کی شیٹس 620 ڈالر سے کم ہوکر 600 ڈالر جبکہ ریلز 600 ڈالر سے کم ہو کر 570 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگئی ہیں۔ بریف کارڈ آئی کے اوریجنل وائٹ 900 ڈالر سے کم ہوکر 850 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگیا ہے۔بریف کارڈ پنڈ و ڈیلی گولڈن کوئن 920 ڈالر سے کم ہوکر 870 ڈالر فی میٹرک ہوگیا ہے۔

انڈونیشیا اور چائنا کے دیگر برانڈز کی قیمتوں میں کوئی تبدیلی نہیں دیکھی گئی۔تفصیلی سروے اندرونی صفحات پر ملاحظہ فرمائیں۔

# مقامی مارکیٹ: آرٹ کارڈ، درآمدی بلیچ بورڈ، اسٹیکر اور فوٹو کاپی پیپر کی قیمتوں میں کمی، آرٹ پیپر میں اضافہ

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیوں میں اس ہفتے مندی کے ساتھ کچھ تیزی دیکھی گئی اور 19 جولائی 2023 کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں پنڈ و آرٹ کارڈ، اسٹیکر پیپر یونگی، گولڈن ٹیک جی ایس ایف، پاورٹیک، وائی ایم سی، نیکسر پرو، درآمدی بلیچ بورڈ ریئل اور چینمنگ اور فوٹو کاپی پیپر کے مختلف برانڈز کی قیمتوں میں کمی ریکارڈ کی گئی۔جبکہ نیو یا آرٹ پیپر کی قیمتوں میں اضافہ دیکھا گیا۔ دیگر پیپر و پیپر بورڈ کے برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جورد و بدل ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ میں صورتحال اس طرح سے ہے کہ پنڈ و آرٹ کارڈ تمام سائز 190،200 اور 210 گرام، 580 روپے سے کم ہوکر 500 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔تمام سائز 310، 300، 260، 250 اور 350 گرام، 530 روپے سے کم ہوکر 500 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔نیو یا آرٹ پیپر گلوس چائنا تمام سائز 90۔100۔105۔113۔ 128 اور 150 گرام، 565 روپے سے بڑھ کر 580 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ نیو یا آرٹ پیپر میٹ چائنا تمام سائز 80۔ 90۔ 100۔105۔113۔ 128 اور 150 گرام، 565 روپے سے بڑھ کر 580 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔درآمدی بلیچ بورڈ ریئل شیٹس تمام سائز تمام گرام 395 روپے سے کم ہوکر 350 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔درآمدی بلیچ بورڈ چینمنگ چائنا ریلز تمام سائز تمام گرام 380 روپے سے کم ہوکر 375 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔فوٹو کاپی پیپر انڈونیشیا پی سی براؤن 70 گرام، 1230 روپے سے کم ہوکر 1220 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ بی ایل سی 70 گرام 1240، روپے سے کم ہوکر 1225 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔بی ایل سی 80 گرام 1575، روپے سے کم ہوکر 1550 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔آئی کے کاپی F4A-13.5 ۔ 70 گرام 1575، روپے سے کم ہو کر 1550 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔آئی کے کاپی 70 گرام A3، سائز 2800 روپے سے کم ہوکر 2700 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ڈبل اے تھائی لینڈ 80 گرام، 1630 روپے سے کم ہوکر 1600 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔اسٹیکر پیپر یونگی چائنا 20x30 سائز 4000 روپے سے کم ہو کر 3800 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔اسٹیکر پیپر گولڈن ٹیک جی ایس ایف 20x30 سائز 3950، روپے سے کم ہو کر 3850 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔اسٹیکر پیپر پاورٹیک چائنا 20x30 سائز 3900، روپے سے کم ہوکر 3800 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔اسٹیکر پیپر وائی ایم سی چائنا 20x30 سائز، 3950 روپے سے کم ہوکر 3850 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر نیکسز پرو چائنا 20x30 سائز، 3950 روپے سے کم ہوکر 3850 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔

## آئی پی سن کی قیمتوں میں 30 ڈالر کا اضافہ

کراچی (پیپر بزنس نیوز) آئی پی سن (ہانگ کانگ) کی ٹریڈنگ لمیٹڈ کے 6 جولائی کے اعلامیہ کے مطابق گروپ کی تمام پیپر و پیپر بورڈ کے تمام آئٹمز کی قیمتوں میں 26 جولائی 2023 سے 30 ڈالر فی ٹن کا اضافہ کیا جارہا ہے۔

## مقامی آفسیٹ ڈبل اے، پریمیئر اور فلائنگ پیپر کی قیمتوں میں اضافہ کا اعلان

کراچی (پیپر بزنس نیوز) پیپر مارکیٹ کے ذرائع کے مطابق یکم اگست سے مقامی آفسیٹ پیپر ڈبل اے برانڈ کی ایکس مل قیمتیں 15 روپے فی کلو اضافے کے بعد 310 روپے فی کلو ہوجانے کی اطلاعات ہیں۔جبکہ پریمیئر پیپر ملز کی جانب سے بھی قیمتوں میں 15 روپے فی کلو اضافے کی اطلاعات ہیں۔ ان قیمتوں کا اطلاق یکم اگست 2023 سے ہوگا۔ فلائنگ پیپر انڈسٹریز نے بھی 68 گرام پیپر کی قیمتیں 18 جولائی 2023 سے 295 روپے فی کلو کردی ہیں۔جبکہ یکم اگست 2023 سے یہ قیمتیں 310 روپے فی کلو ہوجائیں گی۔

## چینمنگ گروپ نے بھی قیمتوں میں اضافہ کردیا

کراچی (پیپر بزنس نیوز) چینمنگ پیپر ملز نے بھی اپنے پیپر و پیپر بورڈ کی قیمتوں میں 26 جوائی سے 200 آر ایم بی (تقریباً 28 ڈالر) فی ٹن اضافہ کا اعلان کردیا ہے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# تین کلکٹر کسٹمز کیخلاف اسمگلنگ میں معاونت پر ایف آئی آر درج

## گزشتہ ہفتے لاپتہ ہونے کی خبر کی زینت بننے والے کسٹم افسران طارق محمود اور یاور عباس کی گرفتاری ظاہر، چھالیہ کی اسمگلنگ میں معاونت کا الزام، رشوت کا نیا اسکینڈل

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) فیڈرل انویسٹی گیشن ایجنسی (ایف آئی اے) نے کسٹمز حکام طارق محمود اور یاور عباس کے خلاف ایف آئی آر درج کر لی، کلیکٹر کسٹمز محفوظ سعید، اس وقت ڈائریکٹر افغان ٹرانزٹ ٹریڈ تعینات ہیں۔ عثمان باجوہ، کلکٹر کسٹمز اس وقت کلکٹر، ایکسپورٹ کلکٹریٹ کے طور پر تعینات ہیں، اور عامر تھیم، کلکٹر آف کسٹم، جو اس وقت اسمگلنگ میں سہولت کاری اور اسمگلروں سے رشوت وصول کرنے کے لیے کلکٹر انفورسمنٹ، کراچی تعینات ہیں۔ تفصیلات کے مطابق ایف آئی اے اینٹی کرپشن سرکل (اے سی سی) کی ٹیم نے اطلاع کی بنیاد پر کارروائی کی۔ وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) نے ایئرپورٹ کراچی پر چھاپے کے دوران طارق محمود اور یاور عباس نامی کسٹم اہلکاروں کو حراست میں لیا گیا۔ یہ اہلکار اسلام آباد جا رہے تھے۔ ایف آئی اے کی ٹیم نے ملزم کسٹم اہلکاروں کو ڈومیسٹک ڈیپارچر لاؤنج سے روکا اور چھاپہ مار ٹیم کے مناسب تعارف کے بعد ملزم کسٹم حکام سے اپنی شناخت ظاہر کرنے کو کہا، دونوں اہلکاروں نے اپنا تعارف طارق محمود، سپرنٹنڈنٹ (اے ایس او) کے طور پر کرایا جو اس وقت اینٹی اسمگلنگ میں تعینات ہے۔ این ایم بی اور یاور عباس، سپرنٹنڈنٹ آپریشن، اینٹی سمگلنگ ڈائریکٹوریٹ، انٹیلی جنس اینڈ انویسٹی گیشن، کسٹمز کراچی، بالترتیب۔ چھاپہ مار پارٹی کو کسٹم حکام کی گاڑی پارکنگ میں کھڑی ملی۔ موقع پر گاڑی کی تلاشی بھی لی گئی جس سے 20 لاکھ روپے نقد، 2406 امریکی ڈالر اور 6 ہزار 100 یو اے ای درہم برآمد ہوئے۔ ان کی گاڑی سے اتنی بڑی رقم کی برآمدگی پر دونوں ملزم کسٹم حکام کوئی معقول جواب دینے میں ناکام رہے بلکہ رضاکارانہ طور پر یہ تسلیم کیا کہ مذکورہ رقم سپیڈ منی ہے جو انہوں نے کسٹم چیک پوسٹ، موچکو، ڈسٹرکٹ کیماڑی، کراچی سے وصول کی تھی۔ مختلف کسٹم حکام کے درمیان یعنی متعلقہ کلکٹر، ایڈیشنل کلکٹر، ڈپٹی کلکٹر، سپرنٹنڈنٹ، ایس پی ایس، ایس پی او اور پی او ز۔ تمام کسٹم چیک پوسٹوں یعنی موچکو، مچھ گوٹھ، سہراب گوٹھ اور گھگر پھاٹک سے ماہانہ وصولی تقریباً 40 سے 50 ملین روپے ہے۔ مزید برآں، سپاری کی اسمگلنگ کی سہولت کے لیے ماہانہ وصولی تقریباً 60 ملین روپے ہے۔ لہٰذا، مذکورہ برآمدشدہ مجرمانہ مواد کو قبضے میں لے لیا گیا ایف آئی اے کی ٹیم دونوں ملزمان کسٹم اہلکاروں کو برآمدشدہ مجرمانہ مواد کے ساتھ پولیس، ایف آئی اے اور اینٹی کرپشن سرکل کراچی لے آئی تاکہ ان کے سمگلروں کے ساتھ تعلق اور منظم طریقے سے اسمگلروں کو سہولت فراہم کرنے کے حوالے سے مزید تفتیش کی جاسکے۔ مزید تفتیش کے دوران دونوں ملزمان کسٹم حکام طارق محمود اور یاور عباس نے ایک بار پھر اسمگلروں کو بلوچستان کے سرحدی علاقوں سے اسمگل شدہ سامان کو منظم طریقے سے زمینی راستوں سے کراچی پہنچانے میں سہولت فراہم کرنے کا اعتراف کیا۔ انہوں نے کسٹم کے دیگر افسران کے ناموں کا بھی انکشاف کیا جو اسمگل شدہ سامان کی نقل وحمل میں سہولت فراہم کرنے کے خلاف اسمگلروں سے وصول کی گئی رشوت/ رفتار رقم سے مستفید ہوتے ہیں۔ مزید برآں، ملزمان نے یہ بھی اعتراف کیا کہ عثمان باجوہ (سابق کلکٹر انفورسمنٹ) نے مارچ 2023 سے اپریل 2023 کے مہینے میں نقد اور سونے کی شکل میں 160 ملین روپے کی سپیڈ منی/ رشوت وصول کی تھی۔ اسمگلروں کو سہولت فراہم کرنے کے خلاف مختلف کسٹم چیک پوسٹوں پر جمع کی گئی سپیڈ منی سے بڑے شیئرز حاصل کرنے والے کسٹم افسران میں محفوظ سعید بھی شامل ہے۔ 2020 میں، ثاقب سعید کو کلکٹر انفورسمنٹ کے طور پر تعینات کیا گیا جس نے اسمگلنگ کا منظم نیٹ ورک شروع کیا اور اپنے قابل اعتماد ساتھیوں کو انسداد اسمگلنگ کے کردار میں تعینات کیا جو مختلف سمگلروں سے اسپیڈ منی اکٹھا کر رہے تھے۔ ثاقب سعید کے بعد، عثمان باجوہ کو کلکٹر انفورسمنٹ کے طور پر تعینات کیا گیا جو تقریباً 100 ملین روپے ماہانہ کی بھاری رشوت/ اسپیڈ منی کے عوض سمگلروں کو اپنا نیٹ ورک چلانے میں سہولت فراہم کرتا رہا۔ فروری 2023 میں، عامر تھیم نے کلیکٹر انفورسمنٹ کا چارج سنبھالا اور متفرق اشیاء کے ساتھ ساتھ سپاری کے سمگلروں کو چھتری فراہم کرتے رہے۔ ملزم طارق محمود نے انکشاف کیا ہے کہ ایک عمران نورانی بلوچستان کے سرحدی علاقوں سے کراچی تک سپاری کی اسمگلنگ کا نیٹ ورک چلا رہا ہے اور اسمگل شدہ سپاری کو دوسرے صارفین/ خریداروں میں تقسیم کرتا ہے۔ عمران نورانی کے نام اور طرز پر چھالیہ فیکٹری بھی چلا رہے ہیں۔ شفیق ٹیکنیکل سکول شیر شاہ انڈسٹریل ایریا کراچی کے قریب سنی پراڈکٹس۔ ملزمان طارق محمود اور یاور عباس کے قبضے سے برآمد ہونے والے حقائق، دستاویزی/ ڈیجیٹل شواہد اور اب تک کی گئی انکوائری نے پہلی نظر میں کسٹمز ایکٹ 1969 کے سیکشن (2)5 پی سی اے 1947 اور سیکشن (89) (8) 156 کی خلاف ورزی کو ثابت کیا۔/ 109 w پی پی سی۔ یاور عباس اور طارق محمود دونوں کو معطل کر دیا گیا ہے جبکہ سابق کلکٹر انفورسمنٹ ثاقب سعید کی چھٹی منسوخ کر دی گئی ہے۔ وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) نے کسٹم ڈپارٹمنٹ کے متعدد افسران کے خلاف اسمگلنگ کے منظم گروہ میں ملوث ہونے اور اسمگلروں سے بھاری رشوت وصول کرنے کے الزام میں مقدمہ درج کر لیا۔ ایف آئی اے نے ملزم افسران کے خلاف پاکستان پینل کوڈ اور انسداد بدعنوانی ایکٹ کی مختلف دفعات کے تحت مقدمہ درج کر لیا۔ ایف آئی آر کے مطابق ملزمان نے اربوں روپے کا سامان بلوچستان سے کراچی اور ملک کے دیگر حصوں میں سمگل کرنے میں سہولت فراہم کی اور اسمگلروں سے کروڑوں روپے رشوت وصول کیے۔ ایف آئی آر میں مزید کہا گیا کہ ایف آئی اے نے ایس پی ایس طارق محمود کے دفتر سے ایک ڈائری برآمد کی جس میں اسمگلروں کی جانب سے مختلف افسران کو کی گئی ادائیگیوں کی تفصیلات درج تھیں۔ ڈائری میں یہ بھی انکشاف ہوا ہے کہ ملزمان نے ایک کارٹیل بنا کر آپریشن کے علاقوں کو آپس میں تقسیم کر رکھا تھا۔ ایف آئی اے نے دعویٰ کیا کہ ملزم افسران کے خلاف الزامات ثابت کرنے کے لیے اس کے پاس کافی شواہد موجود ہیں اور انہوں نے قومی خزانے کو بھاری نقصان پہنچایا اور اپنے عہدے کے حلف کی خلاف ورزی کی۔ تاہم، عامر تھیم، جو چیف کلکٹر یعقوب ماکو کے قریبی ساتھی سمجھے جاتے ہیں، ہفتہ 15 جولائی کو عدالت سے ضمانت قبل از گرفتاری حاصل کرنے میں کامیاب رہے۔ عامر تھیم نے استدلال کیا کہ وہ بے قصور ہے اور ایف آئی اے کی جانب سے مذموم عزائم اور مذموم مقاصد کے ساتھ اس کیس میں جھوٹا پھنسایا گیا۔ اس نے یہ بھی دلیل دی کہ بغیر وضاحت کے ایف آئی آر درج کرنے میں تقریباً تین سال کی تاخیر ہوئی اور جس جرم کا الزام اس پر لگایا گیا وہ دفعہ کریمنل پی سی 497 کی ممنوعہ شق کے اندر نہیں آتا۔ عامر تھیم نے مزید کہا کہ ان پر لگائے گئے الزامات میں کوئی ٹھوس میرٹ نہیں ہے اور اس کیس کو مزید انکوائری اور تحقیقات کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر گرفتار کیا گیا تو ایف آئی اے کے ہاتھوں ان کی تذلیل، بے عزتی اور ناروا سلوک کیا جائے گا، اس طرح قبل از گرفتاری ضمانت کی درخواست کی۔ عدالت نے انہیں 6.0 ملین روپے کے مچلکوں کے ساتھ عبوری ضمانت قبل از گرفتاری منظور کی۔ اس کیس نے ایف بی آر کے سینئر افسران میں شدید تشویش کا اظہار کیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ کسٹم حکام اسمگلروں کے خلاف بالکل بے بس ہیں، جنہیں ضلعی انتظامیہ، سیاستدانوں اور دیگر قانون نافذ کرنے والے




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

اداروں اور سیکیورٹی اداروں کی مکمل سرپرستی حاصل ہے۔ان کا کہنا تھا کہ اسمگل شدہ سامان بلوچستان سے کراچی پہنچنے سے پہلے 20 سے زائد چیک پوسٹوں (یہ کسٹمز کی چیک پوسٹیں نہیں تھیں) سے گزرتا تھا اور جب بھی کسٹمز افسران نے اسمگلنگ کے خلاف کریک ڈاؤن کیا تو انہیں ان عناصر کی جانب سے مزاحمت اور دھمکیوں کا سامنا کرنا پڑا۔ان کا کہنا تھا کہ ایسے حالات میں کسٹمز افسران کے پاس سسٹم کا حصہ بننے کے سوا کوئی چارہ نہیں رہ جاتا۔ایف آئی آر کے مطابق ملزمان طارق محمود اور یاور عباس نے دوران تفتیش انکشافات کئے ہیں کہ وہ بلوچستان کے سرحدی علاقے سے کراچی تک چھالیہ پہنچانے کے منظم نیٹ ورک کو سہولت فراہم کرتے رہے ہیں، دونوں ملزمان موچکو، مچھ گوٹھ، سہراب گوٹھ اور گگھڑ پھاٹک کی چیک پوسٹوں سے ماہانہ 4 سے 5 کروڑ کا بھتہ وصول کرتے تھے، ایف آئی آر کے مطابق ملزمان نے انکشاف کیا ہے کہ مارچ اور اپریل 2023 کے 2 ماہ میں انھوں نے 16 کروڑ روپے کی اسپیڈ منی سابق کلکٹر کسٹمز انفورسمنٹ عثمان باجوہ کو دی تھی، ان کی جانب سے وصول کردہ بھتہ کا ایک بڑا حصہ سابق ڈائریکٹر کسٹمز انٹیلی جنس ثاقب سعید کو فراہم کیا جاتا تھا، اسی طرح موجودہ کلکٹر کسٹمز عامر تھیم بھی اسمگلرز کو تحفظ دینے میں ان کے شریک کار ہیں انھیں بھی ایک بڑا حصہ ملتا ہے جبکہ دیگر افسران جیسا کہ ایڈیشنل کلکٹر یا ڈائریکٹر، ڈپٹی کلکٹرز، ایس پی ایس، ایس پی اور اور پی اوز وغیرہ کو حصہ ملتا ہے۔اسپیڈ منی کے الزام کا سامنا کرنے والے کسٹمز افسران کو بیرون ملک فرار سے روکنے کے لیے انکا نام پی سی ایل میں ڈالنے کی سفارش کردی گئی ہے۔ڈپٹی ڈائریکٹر ایف آئی اے اینٹی کرپشن سرکل کی جانب سے ڈائریکٹر ایف آئی اے سندھ زون ون کو خط لکھا گیا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ وہ ڈائریکٹر پی سی ایل (پیسنجر کنٹرول لسٹ) امیگریشن ونگ ایف آئی اے ہیڈکوارٹرز کو ان افراد کے نام پی سی ایل میں شامل کرنے کی سفارش کریں۔جن افراد کے نام شامل کرنے کی سفارش کی گئی ہے ان میں ثاقب سعید، عثمان باجوہ، عامر تھہیم، یاور عباس، طارق محمود اور چھالیہ کے اسمگلر عمران نورانی کا نام شامل ہے۔فیڈرل بورڈ آف ریونیو ہیڈکوارٹرز نے اتوار 16 جولائی کو ہفتہ وار چھٹی کے باوجود پاکستان کسٹمز کے کلکٹرز کے خلاف اربوں روپے کی مبینہ کرپشن میں تحقیقات کے باعث تبادلوں کے احکامات جاری کردیے ہیں۔کرپشن کا الزام عائد ہونے پر گریڈ 20 کے حامل کلکٹرز کسٹمز کو ہٹا کر نئے افسران تعینات کردیے گئے ہیں اور اس ضمن میں باقاعدہ نوٹیفکیشن بھی جاری کردیا گیا ہے۔ میگا کرپشن کے الزام پر ثاقب سعید ڈائریکٹر ٹرانزٹ ٹریڈ کے عہدے سے فارغ کرکے ایف بی آر ہیڈکوارٹر رپورٹ کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔کلکٹر کسٹمز عثمان باجوہ اور کلکٹر کسٹمز عامر تھہیم کو بھی عہدوں سے ہٹا کر ایف بی آر ہیڈکوارٹر اسلام آباد رپورٹ کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔نوٹیفکیشن کے مطابق باسط مقصود عباسی کو کلکٹر کسٹمز انفورسمنٹ کراچی تعینات کردیا گیا ہے جبکہ سعدیہ شیراز کو ڈائریکٹر ٹرانزٹ ٹریڈ کا اضافی چارج دیدیا گیا ہے۔دریں اثنا اسپیڈ منی کے الزامات کا سامنا کرنیوالے کسٹمز افسران کے نام اسٹاپ لسٹ میں شامل کردیے گئے، چھالیہ اسمگلر عمران نورانی کا نام بھی اسٹاپ لسٹ میں ڈال دیا گیا، پروویشنل نیشنل آئیڈینٹی فکیشن لسٹ (پی آئی این ایل) میں ناموں کو شامل کرنے کی تجویز دے دی گئی۔ دریں اثنا جوڈیشل مجسٹریٹ جنوبی نے کسٹمز میگا کرپشن اسکینڈل میں گرفتار 2 کسٹم افسران کے ریمانڈ میں توسیع کردی۔کراچی سٹی کورٹ میں اتوار 16 جولائی کو ایف آئی اے نے کسٹمز میگا کرپشن اسکینڈل میں ملوث 2 افسران کو 2 روزہ جسمانی ریمانڈ مکمل ہونے پر پیش کیا۔ملزمان میں طارق محمود اور یاور عباس شامل ہیں۔تفتیشی افسر نے ملزمان کے مزید تفتیش کرنی ہے استدعا ہے ریمانڈ میں توسیع کی جائے۔عدالت نے استدعا منظور کرتے ہوئے ملزمان کے ریمانڈ میں 3 دن کی توسیع کرتے ہوئے سماعت 19 جولائی تک ملتوی کردی۔

# آئی ایم ایف اور پاکستان کے مابین معاہدے کی تفصیلات جاری

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) عالمی مالیاتی فنڈز نے اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی خودمختاری اور آزادی مزید محفوظ بنانے کا مطالبہ کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ پروگرام کے دوران کسی بھی طور پر معاہدے کی خلاف ورزی نہیں کی جائے گی، آئی ایم ایف کی جانب سے پاکستان سے طے کیے گئے معاہدے کی تفصیلات جاری کردیں، جس میں عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کا کہنا ہے کہ پاکستان کو اسٹیٹ بینک کی خودمختاری اور آزادی کو مزید محفوظ بنانا ضروری ہے جس پر پاکستان عملدرآمد کرے گا۔رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ پاکستان کو مانیٹری پالیسی میں سختی لانا ہوگی اور اسٹینڈ بائے پروگرام پر عمل کرنا ہوگا، پروگرام میں رہتے ہوئے پاکستان معاہدے کی خلاف ورزی نہیں کرے گا۔آئی ایم ایف نے کہا کہ اسٹیٹ بینک کو مانیٹری پالیسی پر آزادی کے ساتھ کام کرنے کا موقع دیا جانا ضروری ہے۔آئی ایم ایف کا کہنا ہے کہ اسٹینڈ بائی اریجنمنٹ پروگرام پر عمل درآمد کے لیے جو اضافی اقدامات لینا پڑیں وہ پاکستان اٹھانے کا پابند ہوگا، نئے اقدامات اٹھانے اور پالیسیوں میں تبدیلی کے لیے آئی ایم ایف سے مشاورت کی جائے گی جبکہ پاکستان نے عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کو زراعت اور تعمیرات کے شعبوں پر ٹیکس لگانے کا یقین دلا دیا اور یہ بھی یقین دلایا کہ کسی کو کوئی نئ ٹیکس چھوٹ نہیں ملے گی۔رپورٹ کے مطابق حکومت معاہدے کے تحت نئ ٹیکس ایمنسٹی اسکیم جاری نہیں کرے گی نہ ہی ٹیکس چھوٹ یا ٹیکس مراعات جاری کرے گی۔ پاکستان نے آئی ایم ایف کو توانائی پر سبسڈی کم کرنے اور ریونیو بڑھانے کے علاوہ درآمدات پر پابندی ہٹانے کا یقین بھی دلایا ہے۔ معاہدے کے مطابق پاکستان نے آئی ایم ایف سے کہا ہے کہ رواں مالی سال پرائمری سرپلس 401 ارب روپے رکھا جائے گا، کرنسی کی شرح تبادلہ مارکیٹ کے مطابق رکھا جائے گا، ڈالر کے اوپن اور انٹربینک ریٹ میں 1.25 فیصد سے زیادہ فرق نہیں ہوگا جبکہ پاکستان نے یقین دلایا ہے کہ سرکاری اداروں کی مانیٹرنگ رپورٹ جاری کی جائے گی اور نیشنل اکاؤنٹس کمیٹی کی سہ ماہی رپورٹ جاری کی جائے گی۔آئی ایم ایف کا کہنا ہے کہ پاکستان کو مانیٹری پالیسی میں سختی لانا ہوگی، اسٹینڈ بائے پروگرام پر عمل کرنا ہوگا، مالیاتی خسارہ کم کرنے کے لیے صوبوں کو سرپلس بجٹ دینا ہوگا، ٹیکس آمدن بڑھانے کے لیے سنجیدہ اقدامات کرنا ہوں گے، رواں سال نان ٹیکس ریونیو کی مد میں 2116 ارب روپے وصولی کا امکان ہے۔درآمدات پر پابندیاں ختم کی جائیں گی کرنسی کی شرح تبادلہ کنٹرول کرنے کے لیے رسمی اور غیررسمی طریقے استعمال نہیں کیے جائیں گے، حکومت معاہدے کے تحت نئ ٹیکس ایمنسٹی اسکیم جاری نہیں کرے گی نہ ہی ٹیکس چھوٹ یا ٹیکس مراعات جاری کرے گی۔معاہدے کے مطابق 2024 میں بجلی کی قیمتوں میں اضافے کا نوٹیفکیشن جاری کیا جائے گا۔حکومت اسٹیٹ بینک سے نیا قرض نہیں لے گی، ایف بی آر میں ٹیکس ریفنڈ کے مسائل کو فوری حل کرنے اور پاور سیکٹر کے بقایاجات کو کلیئر کرنے کی کوشش کی جائے گی۔معاہدے کے مطابق پاکستان نے شفافیت کی پالیسی پر کاربند رہنے کی یقین دہانی کروائی ہے۔ پروگرام میں رہتے ہوئے پاکستان انٹرنیشنل ادائیگیاں نہیں روکے گا۔سیلز ٹیکس ریفنڈ 183 ارب اور انکم ٹیکس ریفنڈ 215 ارب تک پہنچ چکے ہیں۔ معاہدے کے مطابق آئی ایم ایف تمام اقدامات کی مانیٹرنگ کرے گا ڈیٹا اسٹیٹ بینک، ایف بی آر، بیورو شماریات سے لیا جائے گا۔آئی ایم ایف کے مطابق رواں مالی سال ٹیکس ریونیو 11 ہزار 21 ارب تک جانے کا تخمینہ ہے جو اگلے مالی سال 13 ہزار 93 ارب روپے اور مالی سال 2025-26 میں ٹیکس ریونیو کا تخمینہ 14 ہزار 738 ارب تک جانے کا امکان ہے۔

## جائیداد کی نئ ویلیوایشن کی نئ شرحیں منتقلی اخراجات 50 فیصد تک بڑھیں گے

لاہور (نیوز دیسک) رئیل اسٹیٹ مالکان اور ڈی ایچ اے اسٹیٹ ایجنٹ ایسوسی ایشن کے عہدیداران نے کہا ہے کہ پراپرٹی ویلیوایشن ریٹس (تخمینہ قدر) میں اضافے سے نہ صرف رئیل اسٹیٹ سیکٹر بلکہ مجموعی ملکی معیشت پر بھی انتہائی منفی اثرات مرتب ہوں گے۔ٹرانسفر کے اخراجات میں پچاس فی صد تک اضافہ ہو جائے گا۔انویسمنٹ بالکل رک جائے گی، تعمیراتی شعبہ اور اس سے وابستہ تمام کاروبار رک جائیں گے اور سب سے بڑھ کر زرمبادلہ کی آمد رک جائے گی اور اس کے ذخائر میں کمی کے ساتھ ساتھ ڈالر کی قلت بھی پیدا ہونے کا خدشہ ہے۔خصوصی گفتگو کرتے ہوئے ڈی ایچ اے اسٹیٹ ایجنٹ ایسوسی ایشن کے صدر طلعت نے کہا کہ حکومت کو کاروبار کو فروغ دینے کے لیے اقدامات کرنے چاہیں۔


یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# ڈالرز کی نمایاں آمد کے باوجود روپے کی قدر میں مسلسل کمی ہورہی ہے

کراچی (پیپر بزنس نیوز) عالمی مالیاتی ادارے (آئی ایم ایف) کے ساتھ 3 ارب ڈالر معاہدے کے بعد پاکستان میں امریکی کرنسی کی نمایاں آمد کے باوجود انٹر بینک مارکیٹ میں منگل 18 جولائی کو مسلسل تیسرے کاروباری روز روپے کی قدر میں کمی کا سلسلہ جاری رہا، روپے کے مقابلے میں ڈالر کی قدر میں 3 روپے 78 پیسے کا اضافہ ہوا۔اسٹیٹ بینک کی جانب سے ٹوئٹر پر جاری اعداد و شمار کے مطابق انٹر بینک مارکیٹ میں ڈالر کے مقابلے میں روپے کی قدر میں 1.34 فیصد کمی آئی اور ڈالر 3 روپے 78 پیسے اضافے کے ساتھ 283 روپے 4 پیسے پر بند ہوا۔اس سے قبل کاروبار کے دوران ایکسچینج کمپنیز ایسوسی ایشن آف پاکستان (ای کیپ) کے فراہم کردہ اعداد و شمار میں بتایا گیا تھا کہ انٹر بینک مارکیٹ میں ڈالر کی قدر میں 2 روپے 46 پیسے کا اضافہ ہوا ہے اور پاکستانی کرنسی 281 روپے 72 پیسے پر لین دین ہورہی ہے۔ڈالر کی قدر گزشتہ روز 279 روپے 26 پیسے پر بند ہوئی تھی۔کرنسی ڈیلر ظفر پراچا نے بتایا کہ آئی ایم ایف کے ساتھ قرض کے معاہدے، سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات سے کمرشل قرضے ملنے کے بعد تجزیہ کاروں کو توقع تھی کہ ڈالر کی قیمت میں 2 روپے کمی واقع ہوگئی۔ان کا کہنا تھا کہ لیکن ہیرا پھیری اور قیاس آرائیوں کی فضا پیدا کی گئی، انہوں نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مقامی کرنسی کو محض اسٹاک ایکسچینج کی ایک کمپنی سمجھا جاتا ہے۔ظفر پراچا نے کہا کہ اس کے نتیجے میں مقامی اور غیر ملکی سرمایہ کار مایوس ہیں جو سرمایہ کاری کو کم کرتا ہے اور ہماری (کریڈٹ) ریٹنگ کو بھی گرا دیتا ہے۔انہوں نے بتایا کہ پاکستان کو رواں برس اور اگلے سال قرضوں کی ادائیگیاں کرنا ہیں اور 'سچائی کو تسلیم' کرنے کا مطالبہ کیا، انہوں نے حکام پر ری اسٹرکچرنگ کے لیے طویل مدتی پالیسیاں تشکیل دینے پر زور دیا۔اسٹیٹ بینک آف پاکستان کو آئی ایم ایف، سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات سے 4 ارب 20 کروڑ ڈالر موصول ہونے کے بعد ڈالر کے مقابلے میں روپے کی قدر جمعرات 13 جولائی کو ایک روپے 2 پیسے بڑھ گئی تھی۔تاہم مارکیٹ کی توقعات کے برعکس ڈالر دوبارہ مضبوط ہوگیا، جبکہ وزیراعظم شریف نے 18 جولائی بتایا کہ چین کے ایگزم بینک نے کل 60 کروڑ ڈالر رول اوور کردیے ہیں۔اسٹیٹ بینک کے زرمبادلہ کے ذخائر گزشتہ ہفتے ڈالرز کی آمد کے ساتھ تقریباً دوگنا ہوکر 8 ارب 70 کروڑ ڈالر ہو گئے ہیں، لیکن امریکی کرنسی کی زیادہ طلب نے قیمت کو بلند رکھا۔

# پیپر و بورڈ میں کمی دیگر بڑی صنعتوں کی پیداوار میں 6 فیصد تک اضافہ

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) ملک میں بڑی صنعتوں کی پیداوار میں اپریل کے مقابلہ میں مئی میں 5.9 فیصد کی نمو ریکارڈ کی گئی ہے۔پاکستان بیورو برائے شماریات کی جانب سے اس حوالے سے جاری کردہ اعداد وشمار کے مطابق مئی 2023 میں بڑی صنعتوں کی پیداوار کا اشاریہ 110.6 پوائنٹ ریکارڈ کیا گیا جو اپریل کے مقابلہ میں 5.9 فیصد زیادہ ہے۔اپریل میں بڑی صنعتوں کی پیداوار کا اشاریہ 104.5 پوائنٹ ریکارڈ کیا گیا تھا۔گزشتہ سال مئی کے مقابلہ میں رواں سال مئی میں بڑی صنعتوں کی پیداوار میں سالانہ بنیادوں پر 14.4 فیصد کی کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔گزشتہ مالی سال کے پہلے 11 ماہ میں ملک میں بڑی صنعتوں کی پیداوار میں سالانہ بنیادوں پر 9.9 فیصد کی کمی ریکارڈ کی گئی۔جولائی 2022 سے مئی 2023 تک کی مدت میں بڑی صنعتوں کی پیداوار کا اشاریہ 115 پوائنٹس ریکارڈ کیا گیا جو مالی سال 2022 کی اسی مدت میں 127.6 پوائنٹس تھا۔اپریل کے مقابلہ میں مئی میں غذائی اشیاء کی پیداوار میں 9.5 فیصد، غیر دھاتی معدنیات کی پیداوار میں 0.5 فیصد اور فٹ بال کی پیداوار میں 36.4 فیصد کی نمو ریکارڈ کی گئی۔اس کے برعکس کوئلہ اور پٹرولیم فارما، آٹوموبائل، برقی آلات، پیپر اینڈ بورڈ اور فرنیچر کی پیداوار میں کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔

# درآمد کنندگان سامان کو ڈرائی پورٹ پہنچا کر ٹیکس سے بچ رہے ہیں

کراچی (پ ر) ایک حالیہ رپورٹ میں انکشاف کیا گیا ہے کہ درآمد کنندگان ہائی ٹیرف والے سامان پر ڈیوٹی اور ٹیکس سے بچنے کے لیے ڈرائی پورٹ ٹرمینلز میں ٹرانس شپمنٹ (TP) کنسائنمنٹ استعمال کر رہے ہیں۔ رپورٹ میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ کراچی کی بندرگاہوں اور ملک کے دیگر ڈرائی پورٹ ٹرمینلز پر اسی طرح کے سامان کی قیمت میں نمایاں فرق ہے، جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ درآمد کنندگان اپنے سامان کی قیمت اور وزن کا غلط اعلان کر رہے ہیں۔ذرائع کے مطابق کسٹمز اپریزمنٹ ساؤتھ کراچی کی بندرگاہوں پر درآمد کنندگان اور تاجروں کے لیے رکاوٹیں اور رکاوٹیں پیدا کرنے کا ذمہ دار ہے اور انہیں ٹرانس شپمنٹ کا انتخاب کرنے پر مجبور کیا جاتا ہے۔ذرائع کا الزام ہے کہ ٹی پی ایک عرصے سے اسمگلنگ اور کارگو کی تبدیلی کا ذریعہ ہے جو کہ ڈیٹا سے واضح ہے۔رپورٹ میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ کسٹمز اپریزمنٹ ساؤتھ درآمد کنندگان کو معمولی اور نہ ہونے کے برابر مسائل کی خلاف ورزی کی رپورٹس جاری کر رہا ہے جس کی وجہ سے تاخیر اور اضافی اخراجات ہورہے ہیں۔ذرائع کا کہنا ہے کہ یہ معاملہ تشویشناک ہے اور اس کی جامع جانچ اور تحقیقات کی ضرورت ہے۔ان کا مطالبہ ہے کہ حکام ٹیکس چوروں اور ان کی سہولت کاری میں ملوث بدعنوان اہلکاروں کے خلاف کارروائی کریں۔

# مہران ٹاؤن میں پیپر فیکٹری میں آگ لگ گئی

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) کورنگی مہران ٹاؤن میں پیپر فیکٹری میں آگ لگ گئی جس کے بعد فائر بریگیڈ نے تین گھنٹے بعد آگ پر قابو پا لیا، کورنگی مہران ٹاؤن میں واقع پیپر فیکٹری میں اچانک آگ بھڑک اٹھی جس کی اطلاع فائر بریگیڈ کو دی گئی ابتدائی طور پر دو گاڑیوں نے آگ پر قابو پانے کی کوشش کی مگر آگ کی شدت میں اضافہ کے باعث مزید چار گاڑیوں کو طلب کیا گیا۔فار فائٹرز نے تین گھنٹے کی محنت کے بعد آگ پر قابو پا لیا، فیکٹری میں موجود سامان جل گیا جس سے فیکٹری کو لاکھوں روپے کا نقصان ہوا۔


CARBONLESS
WHITE & COLOUR
24 X 34    23 X 36

CB + CFB + CF CARD

Colour Cards

COPY PAPER A4

CHAND TRADERS

Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411

Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandtraders92@gmail.com





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

## سندھ ٹیکسٹ بک بورڈ کو پرنٹنگ کی خدمات درکار

ورک بکس کی پرنٹنگ اور بائنڈنگ، بڑی مقدار میں
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 31 جولائی 2023ء
برائے رابطہ: فیلڈ آفس، مقابل ڈی جے سائنس کالج، صدر کراچی۔
فون: 021-32623545
